# قولون کے کینسر کی روک تھام | خطرے کی تشخیص اور اسکریننگ فارم

**مریض کے لیے ہدایات: 1. یہ فارم مکمل کریں۔ 2. اپنے خطرات اور اسکریننگ کے اختیارات کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔**

## مریض کی معلومات

آپ کی عمر کتنی ہے؟________ کیا آپ نے کبھی قولون کے کینسر کی اسکریننگ کروائی ہے؟ ☐ نہیں ☐ مجھے معلوم نہیں ☐ ہاں

اگر ہاں تو،

آپ کی اسکریننگ کیسے ہوئی تھی؟ ☐ قولونو اسکوپی ☐ پاخانہ پر مبنی (براز) ٹیسٹ ☐ دیگر ____________________

آپ کی آخری اسکریننگ کب ہوئی تھی؟ ☐ ایک سال سے کم پہلے ☐ ایک تا نو سال پہلے ☐ 10 سال یا اس سے پہلے

## خطرے سے متعلق سوالات

### اسکریننگ کی سرگزشت:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. کیا آپ کو کبھی قولون کے کینسر یا مقعد کے کینسر کی تشخیص موصول ہوئی ہے؟ | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 2. کیا قولون یا مقعد میں گومڑ پایا گیا ہے؟ | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |

### علامات:

**کیا آپ کو کبھی درج ذیل میں سے کوئی علامت درپیش ہوئی ہے؟**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3. آپ کے مقعد سے جریان خون یا آپ کے پاخانے میں خون | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 4. رفع حاجت میں تبدیلی، جیسے مستقل قبض، بار اسہال، یا پاخانے کی قسم میں تبدیلی | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 5. بلا وجہ وزن گرنا | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 6. شکم یا مقعد میں درد جو ختم نہیں ہوتا ہے | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |

### ذاتی اور خاندان کی سرگزشت:

**کیا آپ کو بھی درج ذیل کی تشخیص موصول ہوئی ہے؟**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 7. السر زا ورم قولون | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 8. کروہن کا مرض | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 9. سسٹک فائبروسس | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |

**کیا آپ یا آپ کے حقیقی والدین، سگے بھائی بہن یا بچے میں کبھی درج ذیل کی تشخیص ہوئی ہے:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 10. فیمیلیئل اڈینومیٹوس پولیپوسس (Familial adenomatous polyposis, FAP) | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 11. موروثی نان پولیپوسس قولون کینسر (Hereditary nonpolyposis colon cancer, HNPCC) یا لِنچ سنڈروم | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |
| 12. قولون یا مقعد میں قولون کا کینسر، مقعد کا کینسر یا گومڑ؟ | ☐ نہیں | ☐ مجھے معلوم نہیں | ☐ ہاں |

اگر ہاں تو،

کس رشتہ دار (رشتہ داروں) کو؟ ☐ حقیقی والدین ☐ حقیقی سگے بھائی بہن ☐ حقیقی بچہ ☐ مجھے معلوم نہیں

تشخیص کے وقت عمر (عمریں)؟ __________

**قولون کے کینسر سے متعلق مزید معلومات کے لیے:**

**nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **colon cancer (قولون کا کینسر)** تلاش کریں، یا **311** پر کال کریں۔

اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے قولونے کے کینسر کی روک تھام کا بروشر مانگیں۔

New York Citywide Colorectal Cancer Control Coalition

NYC Health

فراہم کنندہ کے لیے ہدایات: مریض کے انفرادی خطرے اور اسکریننگ کے اختیارات کی تشخیص میں اپنی مدد کے لیے فارم کا جائزہ لیں۔ مذکورہ بالا سوالوں میں سے کسی کا بھی جواب "ہاں" میں دینے سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ مریض کو زیادہ خطرہ لاحق ہو سکتا ہے؛ اسکریننگ کی سفارشات کے لیے کسی اسپیشلسٹ سے رجوع کریں۔ خطرے سے متعلق سارے سوالوں کا جواب "نہیں" میں دینے والے مریض ممکن ہے اوسط خطرے میں ہوں اور ممکن ہے کہ وہ اسکریننگ کے تجویز کردہ اختیارات میں سے کسی کے لیے اہل نہ ہوں۔

# اپنا خطرہ کم کریں اور قولون کے کینسر کی اسکریننگ کروائیں

## قولون کا کینسر کیا ہے؟

قولون (یا کولوریکٹل) کینسر بڑی آنت (قولون) یا مقعد میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ نیو یارک کے باشندوں میں کینسر سے ہونے والی موت کی سرکردہ وجہ ہے۔

## قولون کے کینسر کے مدنظر آپ کا خطرہ کیا ہے؟ آپ کو اسکریننگ کب شروع کرنی چاہیے؟

آپ کے خطرے کا تعین کرنا قولون کے کینسر کی اسکریننگ کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ ہم بغیر خطرے کے عوامل والے بیشتر بالغوں کو 45 سال کی عمر میں قولون کے کینسر کی اسکریننگ شروع کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ کچھ لوگوں کو خطرے کے مخصوص عوامل کے سبب وقت سے پہلے یا زیادہ کثرت سے اسکریننگ کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جیسے خاندان میں قولون کینسر یا قبل از کینسر گومڑوں کی سرگزشت موجود ہونا۔ اگر آپ کے حقیقی والدین، سگے بھائی بہن یا بچوں کو قولون کا کینسر یا گومڑ، مقعد کا کینسر یا کوئی اور کینسر ہے یا تھا تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو بتائیں۔ آپ اپنے خاندان کے ساتھ اپنے کینسر یا گومڑ کی سرگزشت شیئر کر کے اپنے خاندان کا تحفظ کرنے میں بھی مدد کر سکتے ہیں۔ اس سے انہیں اپنے خطرے کے عوامل کو جاننے اور اسکریننگ کروانے کا وقت جاننے میں مدد ملے گی۔

چاہے آپ کی عمر 45 سال سے کم ہو، اپنے خاندان کی سرگزشت کی بنیاد پر قولون کینسر کی علامات اور انفرادی خطرے کو پہچاننا اہم ہے۔ کسی بھی مرحلے پر امکانی علامات کو نظر انداز نہ کریں۔ اگر آپ کو اپنے پاخانے میں خون، شکم یا مقعد میں مستقل درد یا بلا وجہ وزن گرنے کا تجربہ ہوا تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو بتائیں۔ قولون کا کینسر اسی وقت علامات کا سبب نہیں بن سکتا۔ اگر آپ اسکریننگ کے لیے اہل ہیں تو آپ کو چاہیے کہ اسکریننگ کروائیں چاہے آپ صحت مند محسوس کریں۔

## قولون کے کینسر کا پتہ لگانے یا اسے روکنے کے لیے اسکریننگ کے اختیارات

معمول کی اسکریننگ قولون کے کینسر کو روک سکتی یا قبل از وقت اس کا پتہ لگانے میں مدد کر سکتی ہے، اس وقت علاج اکثر بہترین کارگر ہوتا ہے۔ اسکریننگ کے اپنے اختیارات کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

NYC محکمہ صحت کی تجویز کردہ کینسر کی اسکریننگ ٹیسٹ کے اختیارات میں شامل ہیں:

- ایک مرئی ٹیسٹ جس میں قولون یا مقعد میں کینسر کی نشانیوں پر نگاہ ڈالی جاتی ہے۔
  - **قولونو اسکوپی**: روشنی اور کیمرے والی چھوٹی سی ٹیوب گومڑ اور کینسر پر نگاہ ڈالنے کے لیے مقعد میں داخل کی جاتی ہے
- پاخانے پر مبنی ٹیسٹس* جن میں پاخانے (براز) میں کینسر کی نشانیوں پر نگاہ ڈالی جاتی ہے۔
  - **فیکل امیونو کیمیکل ٹیسٹ (Fecal immunochemical test, FIT)**: مریض پاخانے کا تھوڑا سا نمونہ فراہم کرتا ہے جس میں خون کی نشانیوں کو ٹیسٹ کیا جاتا ہے
  - **ہائی سینسیٹیویٹی گوائک بیسڈ فیکل آکلٹ بلڈ ٹیسٹ (High-sensitivity guaiac-based fecal occult blood test, HSgFOBT)**: مریض پاخانہ کے متعدد نمونے فراہم کرتا ہے جن میں خون کی نشانیوں کو ٹیسٹ کیا جاتا ہے
  - **ملٹی ٹارگٹ اسٹول DNA ٹیسٹ (Multi-target stool DNA test, FIT-DNA)**: مریض پاخانے کا ایک نمونہ فراہم کرتا ہے جس میں خون اور خلاف معمول DNA کو ٹیسٹ کیا جاتا ہے

*خلاف معمول نتائج رکھنے والے لوگوں کے لیے ان ٹیسٹ کے لیے بروقت فالو اپ قولونو اسکوپی کی ضرورت ہوتی ہے۔

## ادائیگی

بیشتر بیمہ پلانز، بشمول Medicaid اور Medicare، قولون کے کینسر کی اسکریننگز کا احاطہ کرتے ہیں۔ تاہم، کوریج مختلف ہو سکتی ہے۔ اپنے اسکریننگ ٹیسٹ سے پہلے کوریج کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ اور بیمہ دہندہ سے معلوم کریں۔

اگر آپ کے پاس بیمہ نہیں ہے تو، آپ کم یا بلا قیمت کوریج کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ مفت اندراج میں اعانت کے لیے **311** پر کال کریں۔

اگر آپ بیمہ حاصل کرنے سے قاصر ہے تو، آپ کم یا بلا قیمت اسکریننگ کے لیےاہل ہو سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **قولون کا کینسر colon cancer** تلاش کریں۔